سوال

(255)قربانی کاایک حصہ اورباقی چھ حصے بطورعقیقہ کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قربانی کی گائے کاایک حصہ اورقربانی دے دی جائے اورباقی حصے عقیقہ دے سکتے ہیں یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نہیں کیونکہ عقیقہ کے بارے میں احادیث میں یہ تصریح ہے کہ بچے کی طرف سے دوجانیں اوربچی کی طرف سے ایک جان ذبح کی جائے جیساکہ سنن اربعہ میں متعدداحادیث میں اس کی تفصیل موجودہے قربانی کی گائے میں اگرچہ سات حصہ دارشریک ہوسکتے ہیں لیکن وہ جان ایک ہی ہوتی ہے بہرحال مجوزین کے پاس عقیقہ کے جانورمیں شراکت کاکوئی صریح ثبوت نہیں

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ محمدیہ

ج1ص665

محدث فتویٰ